© rasailojaraid.com

فرائض منصبی یاد دلائے ہیں۔ بہ حیثیت مجموعی یہ ایک قابلِ تحسین کوشش ہے۔

انتخابِ غالب از جناب محمد عبدالرزاق، ایچ، سی، ایس۔ مددگار صدر محاسب حکومت آصفیہ۔ قیمت ۶ر۔ ملنے کا پتہ:۔ اقبال اکیڈمی، ظفر منزل، تاجپورہ، لاہور۔

مرزا غالب کی شخصیت کو سمجھنے میں جو انہماک تعلیم یافتہ طبقہ کو ہو رہا ہے، انتخابِ غالب اس کا ایک نمایاں مظہر ہے۔ یہ مرزا کے چند اشعار، خطوط، لطائف وغیرہ کا ایک مختصر سا مجموعہ ہے جسے خود مرزا نے مرتب کیا تھا۔ اس کا مسودہ دہلی کالج کے پروفیسر جناب ضیاء الدین صاحب ایل، ایل، ڈی کے وسیع کتب خانہ سے حاصل کیا گیا ہے۔ کم از کم شیدایانِ غالب کے لیے یہ بہت ہی قابلِ قدر چیز ہے۔

القراءۃ الاعظمیہ از جناب الاستاذ محمد حسن الاعظمی صاحب۔ قیمت عہ ر۔ ملنے کا پتہ:۔ مکتبۂ زرافشاں ۵۴، الف، سرکلر روڈ، بیرون موچی دروازہ، لاہور۔

عربی تعلیم کے لیے جدید طریقۂ تعلیم کی تلاش کے ساتھ نئی نصابی کتب مرتب کرنے کا کام بھی ہندوستان میں بہت سرگرمی سے ہو رہا ہے۔ اسی سلسلہ میں اعظمی صاحب نے "القراءۃ الاعظمیہ" کا پہلا حصہ مرتب کیا ہے۔ اس میں خصوصیت یہ ہے کہ طلبہ کو اعراب سے بے نیاز کر دیا گیا ہے۔ البتہ ہم یہ نہیں سمجھ سکے کہ شنکراچاریہ، مہابیر، حقیقتِ کرم، وغیرہ موضوعات کو کس بنا پر عربی نصاب میں شامل کیا گیا ہے۔ اور قرآنی ادب سے اس کا دامن کیوں پاک رکھا گیا ہے۔ ہماری رائے میں یہ کتاب مسلمان بچوں کے لیے کسی طرح بھی مفید نہیں ہے کیونکہ ہم "عربی زبان برائے عربی زبان" کے بجائے "عربی زبان برائے اسلام" کے قائل ہیں۔

قاعدہ یسرنا القرآن ناشر ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز و تاجران کتب، مال روڈ، لاہور۔ قیمت درج نہیں۔

مروجہ قاعدہ یسرنا القرآن کا یہ ایک نیا جنم ہے۔ اس میں فنِ تعلیم کے نقطۂ نظر سے تو ترقی کا کوئی قدم اٹھایا نہیں گیا البتہ کتابت، طباعت اور سرورق کے لحاظ سے کچھ رجعتِ قہقری ضرور کی گئی ہے اور وہ موجودہ حالات میں قابلِ معافی ہے۔

موت و حیات اقبال کے کلام میں مرتبہ جناب ڈاکٹر رضی الدین صاحب صدیقی۔ ایم، اے۔ پی، ایچ، ڈی۔ جامعہ عثمانیہ، حیدرآباد، دکن۔ قیمت ۴ر۔ ملنے کا پتہ:۔ اقبال اکیڈمی، ظفر منزل، تاجپورہ۔ لاہور۔

علامہ اقبال مرحوم نے مسلمانوں کو "ترسِ مرگ" کی تباہ کن بیماری سے بچانے کے لیے اپنے کلام میں مرگ و حیات کا جو اسلامی فلسفہ پیش کیا ہے اسے ڈاکٹر رضی الدین صاحب نے یکجا مرتب کر دیا ہے۔

خانقاہ از جناب ایم اسلم صاحب۔ قیمت مجلد (مع رنگین گرد پوش) دو روپے بارہ آنے ملنے کا پتہ:۔ عبدالحق اکیڈمی، اشاعت منزل، اردو گلی، حیدرآباد (دکن)۔

"گناہ کی راتوں" کے معروف مصنف کی نو کہانیوں کا یہ تازہ ترین مجموعہ مروجہ ادبی رجحانات کے دھارے

© rasailojaraid.com